1989ء سے مسلسل اشاعت | 29 جولائی تا 4 اگست 2022 | شمارہ نمبر 31 | جلد نمبر 34

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز وایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 70/-

**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Genlune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
| --- | --- |
| Flying Paper<br>Bulleh Shah ( Packages )<br>Crown ( Fazal Paper )<br>Chenab ( A.K Ind. ) | Offset Paper<br>Bleached Board<br>Art Card |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

**ISO 900: 2015**
**International Business Management**
**CERTIFIED**

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD Little Star Bleach Board

pindo deli paper products

Indah Kiat Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010

Brands of the year Award 2010

Brands of the year Award 2011-2012

**111-IBM-PAK**
**Please Contact For Booking**

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200
PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp

بزنس مین پینل





کراچی ولاہور میں خدمت کے 12 سال

BMG

بزنس مین گروپ

محمد سلیم بیکیا

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

خامس سعید بٹ

چیئرمین

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

گروپ لیڈر






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

pindo deli paper products

IBM™ PAKISTAN




## SELF ADHESIVE STICKER PAPER
## INDONESIA

**Today, Labelstock Products have been used in various industrial sectors, and thus, we're continuously developing new products to meet the market demand for ace labeling, retail outlet labeling, barcode label, and other general end use.**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road,
Karachi-74000.
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk | saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

tjiwi kimia
paper products
www.tjikimia.co.id

# PAPER THAT WORKS EVERYDAY



## ART PAPER
- 2/S COATED ART PAPER
- SINAR BRAND

EnOva SINAR



## PHOTOCOPY PAPER
- PAPERLINE GOLD
- PAPERLINE
- EXCELPRO
- INTEGRITE
- AONE

PAPERLINE GOLD
ExcelPro
MULTI PURPOSE PREMIUM PAPER PAPERLINE
TODAY'S PAPER FOR TOMORROWS' TECHNOLOGY
a1ne



## WOODFREE PAPER
- SINAR ROYAL WHITE WOODFREE PAPER
- EXTRAPRINT PAPER PLUS
- WOODFREE BLUISH WHITE PAPER

eP EXTRAPRINT LUXURY OFFSET
eP pplus EXTRAPRINT LUXURY OFFSET
eP srw EXTRAPRINT LUXURY OFFSET



## SPECIALTY & CARBONLESS PAPER
- CONCORDE CAST COATED PAPER/BOARD
- FOOPAK GRASEPROOF PAPER
- ENZA KRAFT PAER

Impressions CARBONLESS
Ellustra DRAWING PAPER
enza
foopak
CONCORDE



## QUALITY STATIONERY ITEMS
- SINARLINE OFFICE & STATIONERY PRODUCTS MAKE YOUR BUSY SCHEDULE ALL IN ORDER!

SINARLINE



## OTHER PRODUCTS
- OFFSET PRINTING PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- PAPER PLUS
- 1/S CAST COATED BOARD/PAPER
- RECYCLED PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- WOODFREE PAPER

paperplus

## FOR BOOKING CONTACT

IBM
ISO 9001:2015 CERTIFIED

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT
First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
# پیپر بزنس کراچی
اشاعت: بروز جمعہ
پبلشر حرا رؤف
نے پرنٹر عبدالغفور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا
یہ شمارہ 24 رنگین اور 16 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

رابطہ افس
A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

بانی: محمد رؤف
ایڈیٹوریل بورڈ
پبلشر وایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیرا انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

چارجز
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/C-No: 01025620311714112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960

قیمت: 70 روپے

## عمران خان ملکی معیشت کیلئے میثاق معیشت پر دستخط کرنے کیلئے رضامند

راولپنڈی (نیوز ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان نے ملکی معیشت کو بحران سے نکالنے کیلئے ملکی مفاد میں تیار کردہ میثاق معیشت پر دستخط کرنے پر رضامندی ظاہر کردی ہے۔ سابق وزیراعظم عمران خان نے تاجروں کے وفد سے ملاقات میں رولپنڈی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی جانب سے تیار کردہ میثاق معیشت پر دستخط کرنے پر بھی رضامندی ظاہر کردی ہے۔ راولپنڈی چیمبر آف کامرس کی جانب سے جاری کردہ اعلامیہ میں بتایا گیا ہے کہ میثاق معیشت مہم کے تحت سابق وزیراعظم عمران خان سے ملاقات کیلئے صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ اعلامیہ میں بتایا گیا ہے کہ راولپنڈی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے ملکی معیشت کو بحران سے نکالنے کیلئے تمام سیاسی جماعتوں کو میثاق معیشت پر متفق کرنے کیلئے مہم شروع کردی ہے اور اسی مہم کے تحت پاکستان تحریک انصاف کے سربراہ



عمران خان سے ملاقات ہوئی ہے۔
راولپنڈی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا وفد دو سیاسی جماعتوں کے قائدین سے بھی ملاقاتیں کرے گا اور سب کو ملکی معیشت کو بحران سے نکال کر ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے میثاق معیشت کے معاہدے کیلئے رضامند کرنے کی کوشش کرے گا۔ چیمبر آف کامرس کے سینئر رہنما سہیل الطاف کا عمران خان سے ملاقات کے بعد کہنا تھا کہ پاکستان تحریک انصاف کے سربراہ اور سابق وزیراعظم سے راولپنڈی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے وفد کی ملاقات بہت مفید رہی ہے اور انکا میثاق معیشت پر دستخط کی رضامندی ظاہر کرنا تاجر برداری کیلیے انتہائی خوش آئند ہے۔ انہوں نے بتایا کہ عمران خان نے راولپنڈی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی جانب سے تیار کردہ میثاق معیشت پر دستخط کرنے پر رضامندی ظاہر کردی ہے، اس کے علاوہ سابق وزیراعظم نے پنجاب حکومت کی جانب سے انڈسٹریل زونز کیس اور رنگ روڈ منصوبے بارے پیشرفت پر بھی اتفاق کیا ہے۔

## کراچی کے مسائل حل کرنے کیلئے ہر ممکن اقدامات کررہے ہیں، وزیراعلیٰ سندھ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلی سندھ مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ شہر کے مسائل کے فوری حل کے لیے ہر ممکن اقدام اٹھا رہے ہیں، ہم نے کراچی واٹر بورڈ سے اسٹڈی بھی تیار کرا چکے ہیں کہ کراچی کے انفرااسٹرکچر کے لیے کتنے ارب ڈالر درکار ہوں گے تاکہ شہر کو تفریحی و تجارتی اعتبار سے پرکشش اور کامیاب بنایا جا سکے، یہ بات انھوں نے بدھ کو وفاق ایوان ہائے تجارت وصنعت پاکستان میں امپورٹیفس آف سٹی اینڈ ریجنل پیانگ فار بزنس ڈیولپمنٹ، کامرس اینڈ پراسپیریٹی فار دی پیپیل آف کراچی کے عنوان سے منعقدہ سیمینار سے خطاب کے دوران کہی، انھوں نے کہا کہ دسمبر 2016 میں ہم نے کے سی آر منصوبے کو سی پیک میں منظور کرلیا تھا جو کہ 2 ارب ڈالر کا منصوبہ تھا جس کے لیے 15 فیصد فنڈز کی ضرورت تھی، ہم نے اس کا انتظام بھی کردیا تھا، اس کے 4 بعد حکومت تبدیل ہوگئی اور بعد میں آنیوالی حکومت پراجیکٹ سے ہی دستبردار ہوگئی۔ ایسا ہی حشر کے فور منصوبے کا ہوا جب سے کراچی کو 100 ایم جی ڈی بھی پانی کا کوٹہ ہے، جب کینال میں مسائل ہونے کے باعث پورا پانی نہیں آتا، انھوں نے کہا کہ آج میں نے کینال کی کنویربیس سسٹم بنانے کی منظوری دی ہے، کورنگی کراسنگ پر پل بنانے کی بھی آج منظوری دی ہے، انھوں نے کہا کہ بہت سارے لوگ ڈیوولوشن کی بات کرتے ہیں، ڈیوولوشن کے حوالے سے احتساب ہی نہیں کیا گیا، عمارتوں کی تعمیر کے حوالے سے انھوں نے کہا کہ کچھ لوگ عدالت میں شکایت لے کر گئے کہ ہمارے گھروں کے سامنے بلند عمارتیں تعمیر کی جارہی ہیں، 2001 سے 2008 تک یہ ہوتا رہا، اس کے نتیجے میں سندھ حکومت پر پابندی لگائی کہ لینڈ الاٹ نہ کریں۔ حکومت کو کام کرنے نہیں دیا جاتا، نسلہ ٹاور کیس میں بھی سندھ حکومت کا قصور نہیں تھا، 14 منزلہ عمارت گرائی گئی، جس پارٹی کو عوام نے حکومت کرنے کا مینڈیٹ دیا ہے ان کو تو کام کرنے دیں، انھوں نے کہا کہ میں نے اس شہر میں ماضی کی تمام بارشیں دیکھیں ہیں، جولائی اگست 2020 میں 613 ملی میٹر بارش ریکارڈ ہوئی، ابھی 513 ملی میٹر بارش ہوگئی ہے۔ ہم پوری کوشش کررہے ہیں کہ شہر کے مسائل حل کریں اور اگر ہم کچھ مسائل کو حل نہیں کرپائے لیکن انھیں کم ضرور کیا ہے۔ انھوں نے ایف پی سی سی آئی کو دعوت دی کہ وہ پی پی پراجیکٹس پر سندھ حکومت کے ساتھ کام کرے، اب اگر مجھے شہر کے کسی کونے پر چھوڑ دیا جائے تو شاید میں گھر نہ پانچ سکوں کیونکہ کراچی 20 سال میں بہت بڑھ گیا ہے، جب میں پیدا ہوا تھا تو ہم ایم اے جناح روڈ کے علاقے میں رہتے تھے۔ اس کے بعد ہم گارڈن اور دیگر علاقوں میں شفٹ ہوتے رہے، اس موقع پر صوبائی وزرا جام اکرام، ناصر شاہ اور ایڈ منسٹریٹر کے ایم سی مرتضی وہاب بھی موجود تھے۔

## مسائل کے حل سے ہی کراچی کی ترقی ممکن ہے، سلیمان چاؤلہ

کراچی (پیپر بزنس نیوز) ایف پی سی سی آئی کے قائم مقام صدر سلیمان چاؤلہ نے کہا ہے کہ معاشی کراچی شہر کا حکومتی آمدنی میں 50 فیصد سے زائد کا حصہ ہے۔ مسائل کے حل سے ہی کراچی کی ترقی ممکن ہے۔ عالمی بینک کی رپورٹ کے مطابق پاکستان کی مجموعی آبادی میں سے 37 فیصد آبادی شہروں میں رہتی ہے۔ یہ بات انھوں نے بدھ کو فیڈریشن ہاؤس میں منعقدہ سیمینار سے خطاب میں کہیں۔ این ای ڈی کے ڈین پروفیسر نعمان احمد نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کراچی میں ہر شعبے میں کاروباری کے مواقع دستیاب ہیں۔ چیئرمین اسٹینڈنگ کی ایف پی سی آئی عبید پیل نے کہا کہ کراچی کو سی پیک میں شامل کیا جائے۔ کراچی کے انفرااسٹرکچر کو بحرانی صورتحال کا سامنا ہے۔ انفرااسٹرکچر کی بہتری کیلئے نجی اداروں سے مدد لینے کی ضرورت ہے۔


یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# ڈالر کی اڑان۔ پیپر و پیپر بورڈ کے امپورٹرز و پرنٹرز کی قوت خرید کم ہوگئی

کراچی (پیپر بزنس نیوز) گزشتہ تین ماہ میں ڈالر کی قدر میں 60 روپے کے اضافے نے درآمد کنندگان بالخصوص پیپر و پیپر بورڈ کے درآمد کنندگان کی قوت خرید کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ ایک طرف بین الاقوامی قیمتوں میں اضافہ ہو رہا ہے جبکہ دوسری طرف ڈالر اتنی تیزی سے بڑھ رہا ہے کہ امپورٹرز چکرا گئے ہیں۔ سب سے اہم بات یہ ہے کہ مقامی مارکیٹ میں قیمتوں اور بجلی کی لاگت میں اضافے نے پرنٹرز کو بھی پریشان کر رکھا ہے اور وہ بہت محدود تعداد میں خریداری کر رہے ہیں جس سے درآمد کنندگان کے مال کی فروخت میں تاخیر ہو رہی ہے دوسری طرف ایک امپورٹرز جب ایک کنٹینر فروخت کر کے دوسرے کی درآمد کے لیے جاتا ہے تو اس کا سرمایہ کم پڑ جاتا ہے اس کے نتیجے میں متعدد امپورٹرز نے اپنی درآمد کو محدود کر دیا ہے جس کے اثرات آئندہ چند ماہ میں مارکیٹ میں ظاہر ہوں گے۔ درآمدی مال پرنٹرز کی قوت خرید کو بری طرح متاثر کرے گا۔ بڑے پرنٹرز کو اپنے ماہانہ اور سہ ماہی معاہدوں میں عملدرآمد میں بھی مشکلات کا سامنا ہے اور ان کے منافع کی شرح یا تو بہت کم ہوگئی ہے یا وہ معاہدے کی پاسداری کے لیے نقصان برداشت کر رہے ہیں دوسری طرف بجلی کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے بھی ان کی پیداواری لاگت میں اضافہ کیا ہے ابھی حکومت نے ایک بار پھر بجلی کی قیمتوں میں ساڑھے تین روپے فی یونٹ کے اضافے کا اعلان کیا ہے جس کا بل پر اثر آئندہ ماہ ظاہر ہوگا۔

## سندھ میں پراپرٹی ٹیکس کا نیا سروے کیا جائے گا

کراچی (بزنس ڈیسک) سندھ میں پراپرٹی ٹیکس جمع کرنے کے پروجیکٹ کے تحت شہر میں پراپرٹی کا تازہ سروے کیا جائے گا جس کیلئے سروے کے ماہرین اور دیگر متعلقہ عملہ بھرتی کیا جا رہا ہے۔ اس وقت پراپرٹی ٹیکس جمع کرنے والا عملہ آئندہ دو یا تین سال تک وصولی جاری رکھنے کیلئے محکمہ بلدیات کو دے دیا گیا ہے۔ وقت کے ساتھ مقامی کونسل اپنے عملے کو تربیت دے گا اور خود ہی ٹیکس جمع کرے گا۔ یہ بات وزیر اعلی سندھ مراد علی شاہ نے عالمی بینک کے کنٹری ڈائریکٹر برائے پاکستان ناجے بن حسائن سے بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس کے دوران بتائی، جمعہ 22 جولائی کو وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے اپنی ٹیم اور ورلڈ بینک کے کنٹری ڈائریکٹر ناجے بنہاسین کے ہمراہ عالمی بینک کے مجموعی پورٹ فولیو کا جائزہ لیتے ہوئے جام صادق پل کی مرمت اور ماس ٹرانزٹ سسٹم کیلئے متبادل کے طور پر نیا پل تعمیر کرنے پر اتفاق کیا اور واٹر بورڈ میں اصلاحات پر بھی اتفاق کیا جو کہ التوا کا شکار ہے۔


پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور سیمپل کاپی کیلئے ابھی رابطہ کریں۔

021-32632362,0308-2933229


# انٹر بینک میں ڈالر 240 تک پہنچ گیا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستانی روپے کے مقابلے میں ڈالر کی اونچی اڑان کا سلسلہ جاری ہے انٹر بینک میں ڈالر 28 جولائی کو 240 روپے تک پہنچ گیا۔ ملک میں جاری سیاسی انتشار اور بے یقینی کے سبب کرنسی کا بحران سنگین شکل اختیار کر گیا ہے، بدھ 27 جولائی کو بھی انٹر بینک میں ڈالر 3 روپے بڑھ گیا تھا جبکہ اوپن مارکیٹ میں 4.50 روپے کے اضافے سے 240 روپے کی حد بھی عبور کر گیا تھا، یورو کی قیمت میں 5 روپے اور پاؤنڈ کی قیمت میں 7 روپے کا نمایاں اضافہ، فاریکس ایسوسی ایشن کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق بدھ کو انٹر بینک میں 3 روپے کے مزید اضافے سے ڈالر کی قیمت 233.00 روپے سے بڑھ کر 236.00 روپے اور قیمت فروخت 234.00 روپے سے بڑھ کر 237.00 روپے ہوگئی ہے دوسری جانب اوپن مارکیٹ میں ڈالر کی قیمت خرید 4 روپے کے اضافے سے 233.50 روپے سے بڑھ کر 237.50 روپے اور قیمت فروخت 4.50 روپے کے اضافے سے 236.00 روپے سے بڑھ کر 240.50 روپے ہوگئی ہے۔ فاریکس رپورٹ کے مطابق یورو کی قیمت خرید 5 روپے کے اضافے سے 234.00 روپے سے بڑھ کر 239.00 روپے اور قیمت فروخت 4.50 روپے کے اضافے سے 237.00 روپے سے بڑھ کر 241.50 روپے ہوگئی ہے، اور 7 روپے کے اضافے سے برطانوی پاؤنڈ کی قیمت خرید بھی 277.00 روپے سے بڑھ کر 284.00 روپے اور قیمت فروخت 280.00 روپے سے بڑھ کر 287.00 روپے ہوگئی ہے، مارکیٹ ذرائع کے مطابق حکومتی اعلانات کے باوجود روپے پر دباؤ میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، کرنسی مارکیٹ میں بے یقینی کے باعث صنعتی و کاروباری سرگرمیاں منجمد ہو چکی ہیں، ایل سی کھلنا تقریباً ناممکن ہو چکا ہے جس کے اثرات آئندہ چند ہفتوں میں سامنے آنا شروع ہوں گے۔ انٹر بینک میں کاروبار کے اختتام پر ڈالر کا بھاؤ 236 روپے 2 پیسے ہے، کاروباری دن میں ڈالر کا بھاؤ 3 روپے 9 پیسے بڑھا ہے۔ اوپن مارکیٹ میں ڈالر کا بھاؤ 4 روپے بڑھ کر 241 روپے ہے۔

# درآمدی پابندی کے باوجود درآمد کی جانے والی کنسائنمنٹ پر 15% تک سرچارج ہوگا

کراچی (بزنس ڈیسک) وفاقی حکومت نے درآمدی پالیسی آرڈر 2022 کے پیراگراف 20 کے مطابق ان تمام کنسائنمنٹس/کھیپوں کو جاری کرنے کی اجازت دی ہے جو SRO 598(I)/2022/ مورخہ 19 مئی 2022 کے تحت عائد پابندی کی خلاف ورزی کرتے ہوئے درآمد کی گئی تھیں۔ کسٹمز کلیئرنس زیر التوا ہے، بشرطیکہ کھیپ 30 جون 2022 کو یا اس سے پہلے ملک کی سمندری، ہوائی یا خشک بندرگاہ سمیت کسی بھی بندرگاہ پر اتری ہو، مندرجہ ذیل نرخوں پر سامان کی C&F قیمت پر عائد سرچارج کی ادائیگی سے مشروط:19 مئی 2022 کو ایس آر او 598(1)/2022 کے اجراء کے دو ہفتوں کے اندر پہنچنے والی ترسیل کے لیے، سرچارج کی شرح 5.0 فیصد ہے۔ دو ہفتوں کے بعد آنے والی کھیپوں کے لیے، سرچارج 15 فیصد ہے۔ مزید برآں، ایف بی آر نے تمام کلکٹرز کو مشورہ دیا ہے کہ وہ بونا فائیڈ سامان اور چھوٹی مقدار میں غیر تجارتی اشیاء کی کلیئرنس میں سہولت فراہم کریں، جنہیں پوسٹل/کوریئر سروسز کے ذریعے بھیجے گئے چھوٹے گفٹ آئٹمز اور دیگر ذاتی سامان کی غیر ضروری جانچ پڑتال کے لیے روک دیا گیا تھا۔

# ڈی پی پی سے متعلقہ اشیاء کو وی بوک سے پی ایس ڈبلیو سسٹم میں تبدیلی شروع

کراچی (بزنس ڈیسک) کراچی کی تمام بندرگاہوں سے درآمد کی جانے والی ڈی پی پی سے متعلقہ اشیاء کی تجارتی درآمدات (HC قسم) کو مرحلہ وار وی بوک سے پاکستان سنگل ونڈو سسٹم میں تبدیل کیا جا رہا ہے۔ ابتدائی طور پر، اشیاء کی درآمدی کنسائنمنٹ جن کے لیے امپورٹ پرمٹ کی ضرورت نہیں ہوتی ہے لیکن صرف ریلیز آرڈر درکار ہوتا ہے پروڈکٹ کوڈز (HS کوڈ کو 12 ہندسوں تک بڑھایا گیا ہے) کو مکمل طور پر پی ایس ڈبلیو میں منتقل کر دیا جائے گا اور کلیئرنس ریلیز آرڈر کے الیکٹرانک اجراء سے مشروط ہوگی۔ ڈی پی پی کے ذریعے سنگل ڈیکلریشن 19 جولائی 2022 سے اطلاق کے پیش نظر، تمام تاجروں/درآمد کنندگان جو کہ ذیل میں پروڈکٹ کوڈز کے تحت آنے والی اشیاء کی درآمد میں مصروف ہیں، کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ پی ایس ڈبلیو سسٹم کے ذریعے پی ڈی ڈی سے الیکٹرانک ریلیز آرڈر کے اجراء کے لیے سنگل ڈیکلریشن (درآمدات) فائل کریں۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# جنوری۔جون 2022: پنڈو گولڈن کوئنز میں 110 روپے اور بریف کارڈ میں 135 روپے فی کلو اضافہ

## بلیچ بورڈ کی قیمتوں میں بھی تیزی رہی، ننگبو 59 اور پنڈو ڈیلی میں 69 روپے کلو اضافہ، چینمنگ میں 68 اور رئیل میں 62 روپے کلو اضافہ

### Prices Trend in April-June-2022 (Per Kg Rates)
### Imported **ART CARD Indonesia and China**

| Pindo Golden Coin | | APRIL-2022 | | | MAY-2022 | | | JUNE-2022 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gram | 1-Apr | 15 | 29 | 13 | 20 | 27 | 3 | 10 | 17 | 24 | |
| All Size | 190 | 330 | 340 | 340 | 350 | 360 | 378 | 390 | 400 | 400 | 410 | ( + 80 ) |
| All Size | 200 | 330 | 340 | 340 | 350 | 360 | 378 | 390 | 400 | 400 | 410 | ( + 80 ) |
| All Size | 210 | 330 | 340 | 340 | 350 | 360 | 378 | 390 | 400 | 400 | 410 | ( + 80 ) |
| All Size | 250 | 330 | 340 | 340 | 350 | 360 | 378 | 390 | 400 | 400 | 410 | ( + 80 ) |
| All Size | 260 | 330 | 340 | 340 | 350 | 360 | 378 | 390 | 400 | 400 | 410 | ( + 80 ) |
| All Size | 300 | 330 | 340 | 340 | 350 | 360 | 378 | 390 | 400 | 400 | 410 | ( + 80 ) |
| All Size | 310 | 330 | 340 | 340 | 350 | 360 | 378 | 390 | 400 | 400 | 410 | ( + 80 ) |
| All Size | 350 | 330 | 340 | 340 | 350 | 360 | 378 | 390 | 400 | 400 | 410 | ( + 80 ) |

| Ningbo Star China | | APRIL-2022 | | | MAY-2022 | | | JUNE-2022 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gram | 1-Apr | 15 | 29 | 13 | 20 | 27 | 3 | 10 | 17 | 24 | |
| All Size | 250 | 330 | 330 | 330 | 330 | 330 | 330 | 350 | 380 | 390 | NA | ( + 60 ) |
| All Size | 270 | 330 | 330 | 330 | 330 | 330 | 330 | 350 | 380 | 390 | NA | ( + 60 ) |
| All Size | 300 | 330 | 330 | 330 | 330 | 330 | 330 | 350 | 380 | 390 | NA | ( + 60 ) |
| All Size | 350 | 330 | 330 | 330 | 330 | 330 | 330 | NA | NA | NA | NA | |

| Art Card Japan | | APRIL-2022 | | | MAY-2022 | | | JUNE-2022 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gram | 1-Apr | 15 | 29 | 13 | 20 | 27 | 3 | 10 | 17 | 24 | |
| 22 x 28 | 250 | 320 | 325 | 350 | 360 | 360 | 360 | 360 | 380 | 410 | 420 | ( + 100 ) |
| 25 x 36 | 270 | 320 | 325 | 350 | 360 | 360 | 360 | 360 | 380 | 410 | 420 | ( + 100 ) |
| 23 x 36 | 300 | 320 | 325 | 350 | 360 | 360 | 360 | 360 | 380 | 410 | 420 | ( + 100 ) |
| 31 x 37 | 300 | 320 | 325 | 350 | 360 | 360 | 360 | 360 | 380 | 410 | 420 | ( + 100 ) |

| Brief Card | | APRIL-2022 | | | MAY-2022 | | | JUNE-2022 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gram | 1-Apr | 15 | 29 | 13 | 20 | 27 | 3 | 10 | 17 | 24 | |
| All Size | 120 | 340 | 340 | 330 | 330 | 330 | 330 | 360 | 400 | 400 | 400 | ( + 60 ) |
| All Size | 150 | 340 | 340 | 350 | 350 | 350 | 350 | 355 | 400 | 400 | 400 | ( + 60 ) |
| All Size | 180 | 340 | 340 | 350 | 350 | 350 | 350 | 355 | 400 | 400 | 400 | ( + 60 ) |
| All Size | 210 | 340 | 340 | 345 | 345 | 345 | 345 | NA | 400 | 400 | 400 | ( + 60 ) |
| All Size | 230 | 340 | 340 | 345 | 345 | 345 | 345 | 365 | 400 | 400 | 400 | ( + 60 ) |
| All Size | 235 | 340 | 340 | NA | NA | NA | NA | NA | 400 | 400 | 400 | ( + 60 ) |
| All Size | 265 | 340 | 340 | 368 | 368 | 368 | 368 | 375 | 400 | 400 | 400 | ( + 60 ) |

| Color Brief | | APRIL-2022 | | | MAY-2022 | | | JUNE-2022 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gram | 1-Apr | 15 | 29 | 13 | 20 | 27 | 3 | 10 | 17 | 24 | |
| 21 x 27 | 120 | 300 | 300 | 300 | 300 | 300 | 350 | 350 | 395 | 395 | 395 | ( + 95 ) |
| 22 x 28 | 150 | 300 | 300 | 300 | 300 | 300 | 350 | 350 | 395 | 395 | 395 | ( + 95 ) |
| 22 x 28 | 180 | 300 | 300 | 300 | 300 | 300 | 350 | 350 | 395 | 395 | 395 | ( + 95 ) |

### Prices Trend in April-June-2022 (Per Kg Rates)
### Imported **BLEACH BOARD China and Indonesia**

| NINGBO GOLD | | APRIL-2022 | | | MAY-2022 | | | JUNE-2022 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gram | 1-Apr | 15 | 29 | 13 | 20 | 27 | 3 | 10 | 17 | 24 | |
| All Size | All Gram | 330 | 332 | 333 | 335 | 343 | 350 | 365 | 365 | 365 | 365 | ( + 35 ) |

| REAL | | APRIL-2022 | | | MAY-2022 | | | JUNE-2022 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gram | 1-Apr | 15 | 29 | 13 | 20 | 27 | 3 | 10 | 17 | 24 | |
| All Size | All Gram | 325 | 332 | 338 | 340 | 345 | 345 | 360 | 363 | 365 | 365 | ( + 40 ) |

| CHENMENG | | APRIL-2022 | | | MAY-2022 | | | JUNE-2022 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gram | 1-Apr | 15 | 29 | 13 | 20 | 27 | 3 | 10 | 17 | 24 | |
| All Size | All Gram | 320 | 332 | 333 | 335 | 342 | 350 | 358 | 360 | 363 | 363 | ( + 43 ) |

| PINDO DELI | | APRIL-2022 | | | MAY-2022 | | | JUNE-2022 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gram | 1-Apr | 15 | 29 | 13 | 20 | 27 | 3 | 10 | 17 | 24 | |
| All Size | All Gram | 315 | 325 | 330 | 330 | 338 | 345 | 355 | 358 | 360 | 360 | ( + 45 ) |

کراچی (پیپر بزنس نیوز) 2022 کی پہلی سہ ماہی میں پنڈو آرٹ کارڈ انڈونیشیا اور چائنا کے بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ کے درآمد کنندگان کے لئے کاروباری لحاظ سے بہت بہتر رہی تھی اور دوسری سہ ماہی اپریل۔جون میں بھی یہ تیزی برقرار رہی۔گولڈن کوئنز برانڈ آرٹ کارڈ انڈونیشیا کی قیمتوں میں پہلی سہ ماہی میں 30 روپے فی کلو کا ریکارڈ اضافہ ہوا تھا جو 320 روپے فی کلو تک پہنچ گئی تھیں۔اب اس سہ ماہی میں اس میں مزید 80 روپے فی کلو کا اضافہ ہوا۔اس طرح چھ ماہ میں 110 روپے کلو ریکارڈ اضافے کے بعد اس کی قیمت 410 روپے کلو تک پہنچ گئی۔ چائنا کے آرٹ کارڈ ننگبو اسٹار میں بھی پہلی سہ ماہی میں 25 روپے فی کلو کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا تھا جس کی قیمتیں 305 روپے سے بڑھ کر 330 روپے کلو تک پہنچ گئیں تھیں اور اب اس میں مزید 60 روپے کلو اضافے کے بعد جنوری۔ جون ششماہی میں یہ قیمتیں 390 روپے کلو پر بند ہوئی ہیں اس کے بعد اس کا اسٹاک مارکیٹ میں دستیاب نہیں رہا۔جبکہ بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ قیمتوں میں پہلی سہ ماہی میں مجموعی طور پر 24 روپے کلو کا اضافہ ہوا تھا اور اب اس میں مزید 35 روپے کلو اضافہ ہوا ہے اور یہ قیمتیں 30 جون 2022 کو 365 روپے کلو تک پہنچ گئی تھیں۔ پہلی سہ ماہی میں چینمنگ برانڈ کی قیمتوں میں 25 روپے فی کلو اضافہ ہوا تھا، دوسری سہ ماہی میں مزید 43 روپے کلو کا اضافہ ہوا جو 363 روپے کلو تک پہنچ گئی۔ پنڈو ڈیلی کے بلیچ بورڈ کی قیمتیں 24 روپے اضافے کے بعد 286 سے بڑھ کر 300 روپے فی کلو ہو گئیں تھیں، اب دوسری سہ ماہی میں 45 روپے مزید اضافے کے بعد 360 روپے کلو تک پہنچ گئی ہیں۔اس سے قبل اکتوبر۔دسمبر 2021 میں پنڈو گولڈن کوئنز میں 8 روپے فی کلو کی کمی ہوئی تھی جو 293 روپے سے کم ہو کر 285 روپے کلو ہو گئیں تھیں۔

ذیل میں یکم اپریل تا 24 جون 2022 کے دوران ہفت روزہ ''پیپر بزنس'' کے 10 شماروں میں شائع ہونے والی قیمتوں کا تقابلی جائزہ دیا جارہا ہے۔



یہ شمارہ 113 گرام نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا برانڈ پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

ANM

# A N M TRADING CO

## Importer : Paper & Paper Board

# Deals in:

## OFFSET PRINTING PAPER I.P.M BRAND

Folio Sheets, Rolls & A-4,( U.A.E Origin)

## COATED ART PAPER & ART CARD

1st Floor Bikiya Manzil Faiz Muhammad Fateh Ali Road Karachi-Pakistan
Phone: 021-32628604-32628495 / 0300-2127195 Email: sameed01@hotmail.com





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

APP
USE OUR PAPER, WE PLANT MORE TREES.

Our Quest Superiority has Made us
Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE
LINE OF PROFESSSIONALISM

# IK Signature




**Premium Performance Paper.**

Engineered from the best pulp selection with high thickness & stiffness, whiteness, high smoothness, and brightness, IK Signature is a developed masterpiece for all your printing purposes.
With new TRUTONE Technology, IK Signature is the ultimate choice for its high performance and print quality, to make the best of your professional portfolios.

HIGH THICKNESS & STIFFNESS
premium feel for important documents

HIGH SMOOTHNESS
for truly jam-free performance

A4
21x29.7 cm
500 SHEETS

80
GSM

TRUTONE
TECHNOLOGY

پاکستان میں دستیاب
تمام برانڈز میں نمبر 1

IBM

Certified Quality Management System ISO 9001: 2015

## International Business Management

First ISO 9001:2015 Certified Paper Indenting Company in Pakistan
First Floor,Darul Hina Building Tayabjee Road ,
Near Burhani Hospital, Karachi -74000,UAN: 111-IBM-PAK
Ph # 92-21-32627061-63,Fax # 92-21-32629786
E-mail: saleemibn@cyber.net.pk | website : www.ibmpakistan.com

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010

Brands of the year Award 2010

Brands of the year Award 2011 - 2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# PAPERLINE

Our Quest Superiority has Made us Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE LINE OF PROFESSSIONALISM

## HI - GRADE PREMIUM PAPER

# A4

**21x29.7 cm**
**500 SHEETS**

# 80 GSM




BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012

IBM™
ISO 9001.2015 CERTIFIED

## FOR BOOKING CONTACT

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001.2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

A QUALITY PRODUCT BY
APP
WWW.ASIAPULPPAPER.COM
Produced By
PT.Indah Kiat Pulp & Paper Tbk




Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# کراچی: بارشوں سے پیپر مارکیٹ بھی متاثر، اردو بازار ایک بار پھر ڈوب گیا

کراچی (پیپر بزنس نیوز) حالیہ مون سون بارشوں میں شدت کے باعث سب سے زیادہ کراچی کا ضلع جنوبی متاثر ہوا ہے جہاں سب سے زیادہ بارشیں ریکارڈ کی گئی ہیں جس کے نتیجے میں 24-25 جولائی کو کراچی کا ضلع جنوبی بری طرح متاثر ہوا جو کہ کراچی کا تجارتی مرکز ہے۔ مرکزی بینک اسٹریٹ (آئی آئی چندریگر روڈ) کئی فٹ پانی میں ڈوبی رہی جبکہ مین کپڑا مارکیٹ اور دیگر اجناس مارکیٹ کے علاوہ کراچی پیپر مارکیٹ بھی بری طرح متاثر ہوئی تاہم پیپر مارکیٹ کے دکانداروں کی جانب سے حفاظتی اقدامات کے باعث گزشتہ سال کے مقابلے میں نقصان کی شرح کم رہی۔ تاہم دو دن تک پیپر مارکیٹ میں کیچڑ اور پانی کی موجودگی کے باعث تجارتی سرگرمیاں معطل رہیں۔ اسی طرح حسب سابق اردو بازار جو کہ نالے پر قائم ہے اس سال بھی بری طرح متاثر ہوا اور اس کی دکانوں میں کئی کئی فٹ پانی داخل ہو گیا اور کاروباری سرگرمیاں کئی دن تک متاثر رہیں۔



پیپر مارکیٹ کراچی



پیپر مارکیٹ کراچی



پیپر مارکیٹ کراچی



اردو بازار کراچی

# کراچی میں بارشوں سے تاجروں کو بھاری نقصان، تہہ خانوں میں رکھا سامان خراب

کراچی (بزنس ڈیسک) تاجر تنظیموں کا کہنا ہے کہ حالیہ بارشوں سے تاجروں کو ایک اندازے کے مطابق دو ارب روپے سے زائد کا مالی نقصان ہوا ہے، بارشوں کے پانی سے تہہ خانوں میں رکھا سامان خراب ہو گیا، کروڑوں مالیت اشیائے خورد نوش اور پھل خراب، شہر کی بڑی مارکیٹوں کے تہہ خانے بھی بارشوں کے پانی سے متاثر، بیشتر مارکیٹوں میں کاروبار زندگی مفلوج رہا، تاجروں کا شہر کو آفت زدہ قرار دیکر حکومت سے امداد کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق حالیہ بارشوں سے اجناس منڈی کے تاجروں کو بھاری نقصان ہوا ہے، گوداموں میں رکھا 50 فیصد سے زائد مال خراب ہو گیا ہے، جس میں اجناس اور دیگر اشیاء شامل ہیں، اجناس کے تاجروں کا کہنا ہے کہ گوداموں میں برساتی پانی داخل ہونے کے باعث وہاں رکھا گیا تمام مال خراب ہو گیا ہے، جس کی تاجروں نے کڑوروں مالیت بتائی ہے، کراچی کے فیشن ایبل بازار طارق روڈ کے تاجروں کا بڑے پیمانے پر نقصان ہوا ہے، شاپنگ مال کے بیسمنٹ بازار میں بنی دکانوں کا سارا مال خراب ہو گیا، جبکہ بیسمنٹ میں بنائے گئے کپڑے کے گوداموں میں کڑوروں کا کپڑا خراب ہو گیا، دکانوں میں پانی بھرنے سے بھی نقصان ہوا ہے، یہ ہی صورتحال صدر بازار اور زیب النساء اسٹریٹ میں ہوئی ہے، تاجروں کا کہنا ہے کہ ایک ایک دکاندار کا بارش کے باعث 50 لاکھ سے زائد نقصان ہوا ہے، حکومت کراچی کو آفت زدہ قرار دے تاجروں کے قرضے معاف کرائے جبکہ کاروبار کو معمول پر لانے کے لئے کم سے کم شرح سود پر قرضے فراہم کرے ،حکومت سرکاری سطح پر نقصانات کا جائزہ لائیں، تاجر تنظیموں کے نمائندوں کا کہنا ہے دو ارب کے نقصان کا اندازہ تاجروں کا اپنا ہے، اور بڑی بڑی منڈیوں کا ہے اگر پورے شہر کا تجارتی نقصان کا سروے کیا جائے تو یہ نقصان دو ارب سے بہت زیادہ ہوگا۔ اسی طرح پیپر مارکیٹ میں بعض دکانوں میں بارش اور سیوریج کا پانی داخل ہونے سے انہیں خاصا نقصان اٹھانا پڑا۔

## اپیما کے وکیل شہزاد شوکت ایڈووکیٹ جنرل کے عہدے سے مستعفی

لاہور (نیوز ڈیسک) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے لاہور ہائی کورٹ میں دائر مقدمات کے وکیل شہزاد شوکت ایڈووکیٹ جنرل پنجاب شہزاد شوکت اپنے عہدے سے مستعفی ہو گئے۔ شہزاد شوکت نے استعفی گورنر پنجاب کو بھجوا دیا ہے جس کے بعد شہزاد شوکت نے ایڈووکیٹ جنرل آفس میں الوداعی ملاقات کے دوران لا افسران اور ایڈووکیٹ جنرل آفس عملے سے ملاقات کی۔ اس موقع پر لا افسران اور عملے نے شہزاد شوکت کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# ڈالر کی اونچی اڑان: آرٹ کارڈ و پیپر، کاربن لیس، بلیچ بورڈ، آفسیٹ، فوٹو کاپی پیپر اور اسٹیکر کی قیمتوں میں اضافہ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے بھی ڈالر کے بڑھتے ریٹ کے باعث تیزی دیکھی گئی اور 27 جولائی 2022 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں پنڈو آرٹ کارڈ، بریف کارڈ، نیویا آرٹ پیپر میٹ/گلوس چائنا، کاربن لیس پیپر امپریشن پنڈو، امپریشن اسٹار/ڈاٹ چائنا، درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ، چینمنگ چائنا، پنڈو انڈونیشیا، مقامی بلیچ بورڈ (بلھے شاہ پیکیجنگ) وائٹ بلیچ بورڈ، کوٹڈ بلیچ بورڈ/وائٹ شیڈ، درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے اور ریل کٹ، آفسیٹ پیپر اپریل فائن انڈونیشیا، اسٹیکر پیپر ویریٹیک، یونگی چائنا، ایکنا، گولڈن ٹیک جی ایس ایف، پاور ٹیک چائنا، نیکسز پرو چائنا، لیبل ٹیک چائنا اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو رد و بدل ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال اس طرح سے ہے کہ پنڈو آرٹ کارڈ گولڈن کوئن پنڈو ڈیلی تمام سائز تمام گرام، 405 روپے سے بڑھ کر 415 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بریف کارڈ انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 420 روپے سے بڑھ کر 430 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیویا آرٹ پیپر گلوس چائنا تمام سائز 80۔ 90۔ 100۔ 105۔ 113۔ 128 اور 150 گرام، 360 روپے سے بڑھ کر 365 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیویا آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 80۔ 90۔ 100۔ 105۔ 113۔ 128 اور 150 گرام، 360 روپے سے بڑھ کر 365 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ کاربن لیس پیپر امپریشن پنڈو 2000 انڈونیشیا، 17x24 سائز 3100 روپے سے بڑھ کر 3300 روپے، 18x23 سائز 3200 روپے سے بڑھ کر 3400 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ کاربن لیس پیپر امپریشن اسٹار چائنا 24x34 سائز، 5400 روپے سے بڑھ کر 5800 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ امپریشن ڈاٹ چائنا 24x34 سائز، 5400 روپے سے بڑھ کر 5800 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 366 روپے سے بڑھ کر 380 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ بلیچ بورڈ چینمنگ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 365 روپے سے بڑھ کر 380 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ بلیچ بورڈ پنڈو ڈیلی انڈونیشیا شیٹس تمام سائز تمام گرام، 363 روپے سے بڑھ کر 375 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ مقامی بلیچ بورڈ (بلھے شاہ پیکیجنگ ملز)، وائٹ بلیچ بورڈ کی 192۔185 گرام کی ریل 369 روپے فی کلو اور شیٹس 375 روپے فی کلو میں دستیاب ہے۔ کوٹڈ بلیچ بورڈ کی 208 گرام کی ریل 382 روپے اور شیٹس 391 روپے، 240۔270 گرام کی ریل 377 روپے اور شیٹس 386 روپے فی کلو میں دستیاب ہے۔ کوٹڈ بلیچ بورڈ وائٹ شیڈ کی 300۔240 گرام کی ریل 382 روپے اور شیٹس 391 روپے فی کلو میں دستیاب ہے۔ درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 408 روپے سے بڑھ کر 415 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آئی کے 035 مشین/ریل کٹ 70، 75 اور 80 گرام، 400 روپے سے بڑھ کر 410 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ درآمدی آفسیٹ پیپر اپریل فائن انڈونیشیا تمام سائز 70، 80 اور 100 گرام، 395 روپے سے بڑھ کر 405 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا پی پی سی براؤن 70 گرام، 1020 روپے سے بڑھ کر 1050 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام، 1020 روپے سے بڑھ کر 1050 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام، 1040 روپے سے بڑھ کر 1050 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 70 گرام، 1025 روپے سے بڑھ کر 1035 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 70 گرام، 1080 روپے سے بڑھ کر 1100 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 80 گرام، 1150 روپے سے بڑھ کر 1170 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر ویریٹیک انڈونیشیا 20x30 سائز الٹرا 4000 روپے سے بڑھ کر 4300 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر یونگی چائنا 20x30 سائز 2900 روپے سے بڑھ کر 3000 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر ایکنا برانڈ، 20x30 سائز، 3550 روپے سے بڑھ کر 3850 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک GSF انڈونیشیا، 20x30 سائز، 3000 روپے سے بڑھ کر 3050 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر پاور ٹیک چائنا 20x30 سائز، 2825 روپے سے بڑھ کر 2900 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر نیکسز پرو چائنا 20x30 سائز، 2900 روپے سے بڑھ کر 2950 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا 20x30 سائز، 3000 روپے سے بڑھ کر 3050 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

## امپورٹرز کے ڈیمرج چارجز فوری معاف کیے جائیں

لاہور (نیوز ڈیسک) امپورٹرز کے کنٹینرز ریلیز کر دینا اچھا قدم ہے لیکن اس پر بہت زیادہ ڈیمرج چارجز عائد کر دیئے گئے ہیں جس کی وجہ سے ان کو بہت شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈیمرج چارجز معاف کر دے۔ بیان میں پنجاب ڈائیز اینڈ کیمیکلز مرچنٹس ایسوسی ایشن کے چیئرمین خواجہ خاور رشید نے کہا ہے کہ حکومت نے لگژری آئٹمز کی امپورٹ پر اچانک پابندی لگا دی جس کی وجہ سے جو کنٹینرز پہلے سے راستے میں تھے وہ پورٹس پر آ کر پھنس گئے۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ حکومت نے وہ کنٹینرز ریلیز کرنے کی اجازت دے دی ہے جو پابندی لگنے سے قبل ہی راستے میں تھے یا پھر پورٹس پر آ چکے تھے لیکن ساتھ ہی ان پر بھاری ڈیمرج چارجز بھی عائد کر دیئے جس کی وجہ سے امپورٹرز کی مشکلات اور زیادہ ہوگئی ہیں۔ خواجہ خاور رشید نے کہا ہے کہ حالات پہلے ہی ٹھیک نہیں ہیں۔ امپورٹرز پریشان ہیں اور ایسے میں بھاری ڈیمرج چارجز عائد کر کے امپورٹرز کو مالی پریشانیوں میں مبتلا کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ڈیمرج چارجز فوری طور پر معاف کیے جائیں۔


CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# کراچی کے تاجروں کو فکسڈ ٹیکس کے بل موصول، احتجاج شروع

کراچی (بزنس ڈیسک) کے لیکٹرک نے جون کے مہینے میں کراچی کے 4 لاکھ 90 ہزار سے زائد تاجروں کو فکسڈ ٹیکس کے 6 ہزار روپے کے بل بھیج دیئے۔ کراچی چیمبر اور تاجر تنظیموں نے کے ای کی جانب سے جاری کئے گئے بلوں کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ کے الیکٹرک نے چیمبر سمیت کسی تاجر تنظیم کو کوئی اعتماد میں نہیں لیا ہے۔ فنانس بل میں تاجروں کو یکم جولائی سیلز ٹیکس شامل کرنے کا فیصلہ کیا گیا تھا۔ صدر کراچی چیمبر کا کہنا ہے کہ فکسڈ ٹیکس کے لیے تاجروں نے رضامند ہیں لیکن اس طرح کے طریقہ کار پر نہیں مہینوں سالوں سے بند دکانوں اور کمرشل جگہوں کے بھی 6 ہزار کا ٹیکس لگا کر بل جاری کردیے۔ ان کا کہنا تھا کہ پورے پاکستان سے بجلی کمرشل بل منگوار ہے ہیں پورے ملک میں کہیں بھی بجلی کے بل میں یہ ٹیکس نہیں لاگو ہوا ہے صرف کے الیکٹرک نے لاکھوں تاجروں کو ٹیکس لگا دیا ہے اس طرح ٹیکس لگا کر کے الیکٹرک کو اربوں روپے کا سرمایہ حاصل ہوگا۔ زبیر موتی والا نے کہا کہ پورے پاکستان میں کہیں بھی کسی بجلی فراہم کرنے والی کمپنی نے اس طرح کا ٹیکس بلوں میں شامل نہیں کیا، کے ای نے جون سے شامل کردیا جولائی کی پہلی تاریخ سے ٹیکس لگتا ہے، جون کے مہینے میں ٹیکس کیسے لگ سکتا ہے، شہر قائد کے تاجروں نے بجلی کے بلوں میں اضافی ٹیکس لگانے کے خلاف احتجاج کیا اور بل ادا نہ کرنے کا بھی اعلان کردیا۔ بجلی کے بلوں میں اضافی ٹیکس کے خلاف آل سٹی تاجر اتحاد کے تحت جمعرات 21 جولائی کو تاجروں نے زیب النساء اسٹریٹ کو احتجاجاً بلاک کیا۔ احتجاج کے دوران تاجروں کی جانب سے کے الیکٹرک اور ایف بی آر کے خلاف نعرے بازی کی گئی اور تاجروں نے بجلی کے بل ادا نہ کرنے کا اعلان کرتے ہوئے بلوں کو نذر آتش کردیا۔ اس موقع پر آل سٹی تاجر اتحاد کے چیئرمین شرجیل گوپلانی نے کہا کہ کراچی کے تاجروں سے بجلی کے بلوں میں غیر منصفانہ سیلز ٹیکس کے خلاف روزانہ احتجاج کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہم بجلی کے بلوں پر پہلے ہی سیلز ٹیکس کی ادائیگیاں کررہے ہیں، نئے ظالمانہ اقدامات کے ذریعے کم ازکم 6 ہزار روپے کا اضافی سیلز ٹیکس بند دکانوں پر بھی عائد کردیا گیا ہے، دہرا سیلز ٹیکس عائد ہونے پر تاجر پریشان اور سراپا احتجاج ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ جب تک اضافی سیلز ٹیکس ختم نہیں ہوتا، تاجر بجلی کے بلوں کی ادائیگیاں نہیں کریں گے۔ اس موقع پر احتجاجی تاجروں نے زیب النساء اسٹریٹ پر دھرنا دیا اور تھوڑی دیر بعد منتشر ہوگئے۔

## بجلی کے بلوں میں فکسڈ سیلز ٹیکس مسترد کرتے ہیں، انجمن تاجران

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) آل پاکستان انجمن تاجران اور ٹریڈرز ایکشن کمیٹی اسلام آباد نے بجلی کے بلوں میں فکسڈ سیلز ٹیکس کا نفاذ یکسر مسترد کرتے ہوئے ایس آر او واپس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ آل پاکستان انجمن تاجران اور ٹریڈرز ایکشن کمیٹی اسلام آباد کے صدر اجمل بلوچ کا وفاقی دارالحکومت کی تمام مارکیٹوں کے عہدیداران کے ہمراہ نیشنل پریس کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب میں وفاقی وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل کو ہٹانے کا مطالبہ کیا اور کہا کہ اگر واپڈا یا آئیسکو نے بجلی کے میٹر منقطع کرنے کی کوشش کی تو تاجر برادری سخت مزاحمت کرے گی۔ انھوں نے کہا کہ بجٹ دستاویز میں نان فائلرز کیلیے انکم ٹیکس تین ہزار روپے سے دس ہزار روپے سالانہ نافذ کرنے کا کہا گیا جبکہ ایس آر او میں سالانہ کی بجائے ماہانہ کردیا گیا جو کہ سخت بد دیانتی ہے، اسمبلی کے فلور پر وفاقی وزیر خزانہ نے جھوٹ بولا جس کے لیے ان کو نہ صرف عہدے سے برطرف کیا جائے بلکہ آئندہ کے لیے ان پر پابندی عائد کی جائے، فکس ٹیکس فوری طور پر واپس لیا جائے۔

## سیلز ٹیکس تاجر تنظیموں کی رضامندی سے شامل کیا گیا تھا، وزارت توانائی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وزارت توانائی نے کہا ہے کہ رواں ماہ کمرشل صارفین کے بلوں میں اضافی رقوم ایف بی آر کا سیلز ٹیکس ہے جو وفاقی بجٹ میں تاجر تنظیموں کی رضامندی سے شامل کیا گیا تھا، سیلز ٹیکس کا بجلی کی قیمت سے کوئی تعلق نہیں۔ منگل 26 جولائی کو ترجمان وزارت توانائی کی جانب سے جاری اعلامیہ کے مطابق رواں ماہ کمرشل صارفین کے بلوں میں اضافی رقوم ایف بی آر کا سیلز ٹیکس ہے جو وفاقی بجٹ میں تاجر تنظیموں کی رضامندی سے شامل کیا گیا تھا۔ بجلی کی تقسیم کار کمپنیاں ایف بی آر کے لیے سیلز ٹیکس اکٹھا کرنے کے ایجنٹ کا کردار ادا کر رہی ہیں۔ سیلز ٹیکس کا بجلی کی قیمت سے کوئی تعلق نہیں۔

## لگژری مصنوعات کے کنسائمنٹ کو ریلیز کرنیکی ہدایت

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزارت تجارت نے 2 ماہ سے پورٹ پر پھنسے لگژری مصنوعات کے سینکڑوں کنسائمنٹ کو ریلز کرنے کی ہدایت جاری کردی ہے، تفصیلات کے مطابق ملک میں ڈالر کی بڑھتی ڈیمانڈ اور درآمدی بجٹ میں کمی کے لئے موجودہ حکومت نے 19 مئی کو ایک ایس آر او 598 جاری کیا تھا جس کے تحت تمام لگژری اشیاء کی درآمد پر پابندی عائد کردی گئی تھی جس پر درآمد کندگان نے احتجاج کرتے ہوئے موقف اختیار کیا کہ بیشتر کنسائمنٹ جو کہ راستے میں تھے یا ان کے لئے زرمبادلہ کی ادائیگی کی جاچکی ہے انھیں کلیئرنس کی اجازت دی جائے، کاروباری برادی کے طویل احتجاج کے بعد 22 جولائی کو وزارت تجارت نے آفس میمورنڈیم جاری کیا ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ وفاقی کابینہ کے فیصلے کی روشنی میں ایس آر او 598 کے تحت جن اشیاء پر پابندی عائد کی گئی تھی اور ان کے کنسائمنٹ 19 مئی سے 30 جون کے درمیان پورٹ یا ہوائی جہاز کے ذریعے پاکستان پہنچے تھے ان تمام کو ریلز کرنے کی ہدایت کی جاتی ہے تاہم 19 مئی سے 2 ہفتے تک ملکی پورٹ پر پہنچنے والی کنسائمنٹ پر 5 فیصد سرچارج جبکہ اس کے بعد 30 جون تک کے کنسائمنٹ پر 15 فیصد سرچارج وصول کیا جائے گا، اس سلسلے میں رابطہ کرنے پر ایف پی سی سی آئی کے سابق نائب صدر خرم اعجاز نے جنگ کو بتایا کہ وزارت تجارت کی جانب سے جاری کردہ نوٹی فیکشن انھیں موصول ہوگیا ہے جس کا وہ خیر مقدم کرتے ہیں تاہم تاخیر سے فیصلہ ہونے کے سبب درآمد کندگان کو سرچارج کے ساتھ شپنگ کمپنیوں کو بھاری ڈیمرج بھی ادا کرنا پڑے گا جو کہ 10 سے 14 لاکھ روپے فی کنٹینرز تک ہوگا، یہ ڈیمرج ڈالر کی شکل میں ادا کیا جاتا ہے، اس طرح بھاری زرمبادلہ بھی ملک سے باہر جائے گا یہ اضافی لاگت کاروبار تباہ کردے گی۔

## ٹیکس لگانے یا ہٹانے کا اختیار نہیں، ترجمان کے الیکٹرک

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ترجمان کے الیکٹرک نے کہا ہے کہ کے الیکٹرک ٹیکس لگانے یا ہٹانے کا اختیار نہیں رکھتا ٹیکس کون لاگو کرتا ہے سب کو معلوم ہے یہ جانتے ہوئے بھی مخصوص عناصر بظاہر ذاتی مقاصد کے لئے تاجروں کو الجھا رہے ہیں درست اور متعلقہ پلیٹ فارم سے رابطہ کرنے پر شاید اب تک کچھ پیش رفت ہوجاتی۔

## تاجر برادری کی درخواست، کے الیکٹرک، وفاق وصوبائی حکومت کو نوٹس

کراچی (نیوز ڈیسک) سندھ ہائی کورٹ نے بجلی کے بلوں میں سیلز ٹیکس لاگو کرنے کے خلاف تاجر برادری کی درخواست پر کے الیکٹرک، وفاقی حکومت، صوبائی حکومت اور دیگر کو نوٹسز جاری کردیئے، عدالت نے درخواست قابل سماعت ہونے پر بھی دلائل طلب کرلیئے۔ قبل ازیں تاجر برادری نے بجلی کے بلز میں سیلز ٹیکس لگانے کے خلاف سندھ ہائی کورٹ سے رجوع کیا تھا، صدر کراچی ڈویژن انجمن تاجران جاوید شمس نے آئینی درخواست دائر کرتے ہوئے موقف اختیار کیا تھا کہ چھوٹے تاجر اس زمرے میں نہیں آتے، حکومت کا فیصلہ غیر قانونی ہے، سیلز ٹیکس کا نفاذ بجٹ 2022 میں شامل کیا گیا ہے، پٹیشن کے ہمراہ فوری سماعت کے لئے درخواست دائر کی گئی تھی۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# معاشی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے معاشی ایمرجنسی نافذ کی جائے، تاجر رہنماؤں کا مطالبہ

